## متحدہ قومی موومنٹ 12 مئی کے سانحہ کے حوالے سے ہفتہ کو پریس کانفرنس میں
## اہم نوعیت کے حقائق تمام تر ثبوت وشواہد کے ساتھ پیش کرے گی

کراچی۔۔۔۔18 مئی 2007ء

12 مئی 2007ء کے سانحہ کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ہفتہ 19 مئی کو سہ پہر 2 بجے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کراچی میں ایک نہایت اہم پریس کانفرنس کرے گی۔اس پریس کانفرنس میں 12 مئی کے واقعہ کے حوالے سے نہایت اہم نوعیت کے انکشافات اور حقائق تمام تر ثبوت وشواہد جن میں وڈیو فلمیں بھی شامل ہیں قومی وبین الاقوامی میڈیا کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے ایک اور کارکن محمد اشرف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے
## سانحہ 12 مئی میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں کی تعداد 14 ہوگئی

کراچی۔۔۔۔18 مئی 2007ء

کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ کے ایک اور کارکن محمد اشرف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے۔اس طرح سانحہ 12 مئی میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم کے کارکن محمد اشرف 13 مئی کی شب اورنگی ٹاؤن کے علاقے علیگڑھ کالونی میں واقع اپنی رہائش گاہ کے باہر کھڑے تھے کہ یوم احتجاج کے نام پر شہر میں دہشت گردی کرنے والے مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کی۔ایک گولی محمد اشرف شہید کے سر میں لگی۔انہیں فوری طور پر قطر اسپتال لے جایا گیا جہاں حالت زیادہ خراب ہونے کے باعث انہیں لیاقت نیشنل اسپتال منتقل کردیا گیا۔تاہم چار روز تک موت وزندگی میں کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد جمعرات کی شب ان کا انتقال ہوگیا۔اس طرح سانحہ 12 مئی میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔محمد اشرف شہید کی عمر 31 سال تھی۔وہ شادی شدہ تھے۔ان کے پسماندگان میں ایک بیوہ اور دو بیٹے شامل ہیں جس میں بڑے بیٹے کی عمر تین سال اور چھوٹے بیٹے کی عمر صرف پانچ ماہ ہے۔محمد اشرف شہید کا تعلق ایم کیو ایم یونٹ 131 قصبہ علی گڑھ سیکٹر سے تھا۔محمد اشرف شہید کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ اورنگی ٹاؤن سیکٹر ون۔اے کالی پہاڑی گراؤنڈ کی مسجد میں ادا کی جائے گی اور انہیں پاپوشنگر قبرستان میں سپردخاک کیا جائے گا۔

## شہیدوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔الطاف حسین
## ایم کیو ایم کے کارکن محمد اشرف کی شہادت پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔18 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالے ایم کیو ایم یونٹ 131 قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اشرف کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے محمد اشرف شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔آپ صبر کریں،اللہ کے انصاف پر بھروسہ رکھیں اور اس بات پر یقین رکھیں کہ ہمارے شہیدوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد اشرف شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ نیو کراچی کے رکن نعمت اللہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ نیو کراچی سیکٹر کی ایڈہاک کمیٹی کے رکن نعمت اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نعمت اللہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ نیوکراچی سیکٹر کی ایڈھاک کمیٹی کے رکن نعمت اللہ حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے

کراچی۔۔۔18، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈر رز ونگ نیوکراچی سیکٹر کی ایڈھاک کمیٹی کے رکن نعمت اللہ حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کر گئے ۔ مرحوم کی عمر 45 سال تھی ۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 2 صاحبزادیاں اور ایک ہمشیرہ شامل ہیں ۔نعمت اللہ مرحوم کو صدیق قبرستان نزد صباء سینما کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد غوث الاعظم نیوکراچی میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ٹاؤن ناظم حنیف سورتی، ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان، نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی ۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن کی والدہ اور ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر ایلڈر رز ونگ کے رکن نعمت اللہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ نیوکراچی سیکٹر کی ایڈھاک کمیٹی کے رکن نعمت اللہ اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن افروز عالم کی والدہ محترمہ راشدہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔( آمین )

## ہفتہ کی پریس کانفرنس میں سانحہ 12 مئی کے حوالے سے اہم انکشافات کیے جائیں گے، شعبہ اطلاعات ملکی وبین الاقوامی میڈیا سے بھرپور شرکت کی اپیل

کراچی۔۔۔18، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی اہم پریس کانفرنس ہفتہ 19، مئی 2007ء کو سہ پہر 2 بجے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی دفتر عزیز آباد کراچی میں ہوگی ۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات نے ملکی وبین الاقوامی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ اس پریس کانفرنس میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں کیونکہ اس پریس کانفرنس میں 12، مئی 2007ء کے سانحہ کے حوالہ سے نہ صرف اہم انکشافات کئے جائیں گے بلکہ نہایت اہم اور ٹھوس ثبوت وشواہد بھی پیش کیے جائیں گے ۔

☆☆☆☆☆